# MANUU's distance Follow-on Courses Registration

HYM Staff 15 hours ago Education, News



Hyderabad: The Directorate of Distance Education, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) has extended the last date of registration for follow-on-courses of distance mode Under Graduate (BA, BSC, B.Com II and III year) and Post Graduate (final year) till 5 th November, 2019.

According to Prof. Abul Kalam, Director I/c, DDE, considering the representations received from students and coordinators of Learner Support Centre, the date of registration has been extended.

For further details please visit university website www.manuu.ac.in.

# MANUU's distance Follow-on Courses Registration



Posted by Mohammed Hussain Published: October 28, 2019, 5:17 pm IST Read Time: 1 min

**Hyderabad:** The Directorate of Distance Education, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) has extended the last date of registration for follow-on-courses of distance mode Under Graduate (BA, BSC, B.Com II and III year) and Post Graduate (final year) till 5 th November, 2019.

According to Prof. Abul Kalam, Director I/c, DDE, considering the representations received from students and coordinators of Learner Support Centre, the date of registration has been extended.

2 9 OCT 2019

راشٹریہ سہارا

## اردو یونیورسٹی، فاصلاتی کورسز رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم کے فالو آن کورسز کے رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔ انڈر گریجویٹ (بی اے، بی ایس سی، بی کام سال دوم، سال سوم) اور پوسٹ گریجویٹ کے سال آخر میں رجسٹریشن کی تاریخ 5 رنومبر ہوگی۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، ڈی ڈی ای کے بموجب طلبہ اور لرنرز سپورٹ سنٹر کے کوآرڈینیٹرس کی جانب سے نمائندگیوں کے پیش نظر یہ توسیع کی گئی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر لاگ ان کیا جاسکتا ہے۔

رہنمائے دکن

## اردو یونیورسٹی، فاصلاتی کورسز رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع

حیدرآباد۔ 28 اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم کے فالو آن کورسز کے رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔ انڈر گریجویٹ (بی اے، بی ایس سی، بی کام سال دوم، سال سوم) اور پوسٹ گریجویٹ کے سال آخر میں رجسٹریشن کی تاریخ 5 رنومبر ہوگی۔ پروفیسر ابوالکلام، ڈائرکٹر انچارج، ڈی ڈی ای کے بموجب طلبہ اور لرنرز سپورٹ سنٹر کے کوآرڈینیٹرس کی جانب سے نمائندگیوں کے پیش نظر یہ توسیع کی گئی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر لاگ ان کیا جاسکتا ہے۔ RD

Sakshi

## 'మనూ'లో రిజిస్ట్రేషన్ గడువు పెంపు

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం (మనూ)లో దూర విద్య ద్వారా వివిధ కోర్సుల కోసం రిజిస్ట్రేషన్ చేసుకోవడానికి గడువు తేదీని పొడిగించినట్లు డీడీఈ ఇన్‌చార్జి డైరెక్టర్ ప్రొఫెసర్ అబుల్‌కలామ్ తెలిపారు. యూనివర్సిటీలో ఫాలో ఆన్ కోర్సులలో అండర్ గ్రాడ్యుయేట్ బీఏ, బీకాం ద్వితీయ, తృతీయ సంవత్సరం, పోస్టు గ్రాడ్యుయేట్ ఫైనల్ ఇయర్ విద్యార్థులు రిజిస్ట్రేషన్ చేసుకోవడానికి నవంబర్ 5 వరకు గడువు పొడిగించినట్లు పేర్కొన్నారు. విద్యార్థులు, కో-ఆర్డినేటర్ల వినతి మేరకు గడువు పెంపు చేశామన్నారు. వివరాలకు వర్సిటీ వెబ్‌సైట్‌లో చూడాలన్నారు.

رہنمائے دکن

29 OCT 2019

## مانو میں بیت بازی کا انعقاد

حیدرآباد۔28 اکتوبر (پریس نوٹ) شعبہ اسلامک اسٹڈیز مانو میں بزم طلبہ کے تحت طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے متنوع پروگراموں کا انعقاد ہوتا رہا ہے، اسی سلسلہ کی ایک کڑی کے طور بیت بازی کا انعقاد عمل میں آیا۔اس مقابلہ بیت بازی میں شعبہ کی تین ٹیموں نے میر تقی میر، کلیم عاجز اور امجد حیدرآبادی کے ناموں سے بڑے شوق وجذبہ اور تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔یہ دس دس اشعار پر مشتمل دوراؤنڈز کا مقابلہ تھا۔اس مقابلہ میں ڈاکٹر ثمینہ کوثر (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، مانو) اور پروفیسر عبدالسمیع صدیقی (ڈائرکٹر سی پی ڈی یو ایم ٹی) بحیثیت حکم مدعو تھے۔پروفیسر عبدالسمیع نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے مقابلہ میں حصہ لینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ ”تمام طلبہ نے عمدہ اشعار پڑھے اور محنت وشوق کے ساتھ حصہ لیا“، اس کے بعد انہوں نے اپنی تخلیق کردہ ایک عمدہ غزل حاضرین کے گوش گذار کیا اور ان سے داد تحسین وصول کیا۔ڈاکٹر ثمینہ کوثر نے طلبہ کے عمدہ اشعار کے انتخاب پر اپنی خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ ”طلبہ کو یونیورسٹی اور یونیورسٹی کے باہر جو بھی اردو ادبیات سے متعلق مقابلہ ہوتے ہیں ان میں حصہ لینا چاہئے تاکہ ان کی صلاحیتیں زیادہ نمایاں طور پر سامنے آئیں“، انھوں نے شعبہ کے نظم وضبط اور علمی وثقافتی سرگرمیوں کی تعریف کرتے ہوئے اسے نمونہ قرار دیا۔اختتامی کلمات میں صدر شعبہ پروفیسر محمد فہیم اختر نے کہا کہ ”اس وقت کے بدلتے حالات میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے طلبہ کی ذمہ داریاں کافی بڑھ گئی ہیں۔ان حالات میں اپنی بات سلیقہ کے ساتھ لوگوں کے سامنے پیش کرنا ایک اہم ضرورت ہے، تاکہ ہماری باتیں مخاطب تک زیادہ مؤثر اور صحیح طور پر پہنچ سکیں، اور یہ چیز کمال مطالعہ اور اردو ادب کے ذوق سے حاصل ہوتی ہے“۔اس مقابلہ بیت بازی میں ٹیم امجد حیدرآبادی، کلیم عاجز اور میر تقی میر نے بالترتیب اول، دوم اور سوم مقامات حاصل کئے۔پروگرام کا آغاز سال دوم کے طالب علم عبدالرحیم کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، اور سعیدہ خاتون (ایم اے سال اول) کے اظہار تشکر پر اختتام پذیر ہوا۔نظامت کے فرائض شیخ سیف الدین (ایم اے سال دوم) نے انجام دیئے۔

RD

راشٹریہ سہارا

## شعبۂ اسلامک اسٹڈیز مانو میں بیت بازی کا انعقاد

حیدرآباد (پریس ریلیز) شعبہ اسلامک اسٹڈیز مانو میں بزم طلبہ کے تحت طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے متنوع پروگراموں کا انعقاد ہوتا رہا ہے، اسی سلسلہ کی ایک کڑی کے طور بیت بازی کا انعقاد عمل میں آیا۔اس مقابلہ بیت بازی میں شعبہ کی تین ٹیموں نے میر تقی میر، کلیم عاجز اور امجد حیدرآبادی کے ناموں سے بڑے شوق وجذبہ اور تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔یہ دس دس اشعار پر مشتمل دوراؤنڈز کا مقابلہ تھا۔اس مقابلہ میں ڈاکٹر ثمینہ کوثر (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، مانو) اور پروفیسر عبدالسمیع صدیقی (ڈائرکٹر سی پی ڈی یو ایم ٹی) بحیثیت حکم مدعو تھے۔پروفیسر عبدالسمیع نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے مقابلہ میں حصہ لینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ ”تمام طلبہ نے عمدہ اشعار پڑھے اور محنت وشوق کے ساتھ حصہ لیا“، اس کے بعد انہوں نے اپنی تخلیق کردہ ایک عمدہ غزل حاضرین کے گوش گذار کیا اور ان سے داد تحسین وصول کیا۔ڈاکٹر ثمینہ کوثر نے طلبہ کے عمدہ اشعار کے انتخاب پر اپنی خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ ”طلبہ کو یونیورسٹی اور یونیورسٹی کے باہر جو بھی اردو ادبیات سے متعلق مقابلہ ہوتے ہیں ان میں حصہ لینا چاہئے تاکہ ان کی صلاحیتیں زیادہ نمایاں طور پر سامنے آئیں“، انھوں نے شعبہ کے نظم وضبط اور علمی وثقافتی سرگرمیوں کی تعریف کرتے ہوئے اسے نمونہ قرار دیا۔اختتامی کلمات میں صدر شعبہ پروفیسر محمد فہیم اختر نے کہا کہ ”اس وقت کے بدلتے حالات میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے طلبہ کی ذمہ داریاں کافی بڑھ گئی ہیں۔ان حالات میں اپنی بات سلیقہ کے ساتھ لوگوں کے سامنے پیش کرنا ایک اہم ضرورت ہے، تاکہ ہماری باتیں مخاطب تک زیادہ مؤثر اور صحیح طور پر پہنچ سکیں، اور یہ چیز کمال مطالعہ اور اردو ادب کے ذوق سے حاصل ہوتی ہے“۔اس مقابلہ بیت بازی میں ٹیم امجد حیدرآبادی، کلیم عاجز اور میر تقی میر نے بالترتیب اول، دوم اور سوم مقامات حاصل کئے۔پروگرام کا آغاز سال دوم کے طالب علم عبدالرحیم کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، اور سعیدہ خاتون (ایم اے سال اول) کے اظہار تشکر پر اختتام پذیر ہوا۔نظامت کے فرائض شیخ سیف الدین (ایم اے سال دوم) نے انجام دیئے۔

رہنمائے دکن 29 OCT 2019

# شعبۂ سوشل ورک اردو یونیورسٹی میں توسیعی لکچر کا انعقاد

حیدرآباد، 28 اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو کے شعبہ سوشل ورک کے میں جمعہ کو توسیعی لکچر کا انعقاد عمل میں آیا اترا کھنڈ کے ون گوجر (مسلم) کمیونٹی کی زندگی اور مسائل سے متعلق تفصیلی گفتگو کی گئی۔ لکچر کا بنیادی مقصد ایم ایس ڈبلیو کے طلبا و طالبات اور ریسرچ اسکالرز کو سوشل ورک کی مداخلت کے مختلف میدان کی سمجھ میں اضافہ ہو اور خاص طور پر اس موضوع کے تعلق سے معلومات کی فراہمی اور مستقبل میں اس طرح کے کمیونٹی مسائل کو زیر بحث لانے کی مشق فراہم کرنا تھا۔ ڈاکٹر روبینہ نصرت، اسسٹنٹ پروفیسر، این آئی آر ڈی حیدرآباد نے اس موضوع پر گفتگو کی۔ انھوں نے ون گوجر کمیونٹی کی شناخت، زندگی گزارنے کے طور طریقے، روزمرہ کی زندگی کی دشواریاں، ان کی نقل مکانی کی مختلف حکمت عملیاں اور درپیش مسائل کا باریک بینی سے جائزہ پیش کیا۔ اس کے علاوہ سماجی و ثقافتی شناخت بچائے رکھنے کے لیے ان کی جدوجہد، دستاویزات کی غیر موجودگی اور حکومت کی عدم دلچسپی پر بھی روشنی ڈالی۔ ان کے ذریعہ معاش پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔ انھوں نے ریسرچ اسکالرز اور طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اس طرح کے میدان میں تحقیق کی طرف توجہ دلائی۔ اساتذہ، ریسرچ اسکالرز اور طلبہ نے مختلف سوالات پوچھے جس کا ڈاکٹر روبینہ نے تسلی بخش جواب بھی دیا۔ پروفیسر محمد شاہد، صدر شعبہ نے صدارتی خطاب میں انھوں نے اس طرح کی تحقیق اور اور علم کو سوشل ورک کی کارکردگی میں استعمال کرنے کی ضرورت ظاہر کی۔ ریسرچ کی باریکیوں اور محققین کی جدوجہد پر زور دیتے ہوئے انھوں نے ریسرچ اسکالرز کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تحقیق میں ایسی قیمتی معلومات شامل کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔ ایم۔ ایس۔ ڈبلیو کے طالب علم محمد سلمان، سیکریٹری، مانو سوشل ورک کلب نے پروگرام کی نظامت کی، مہمان کا استقبال کیا اور ان کا تعارف پیش کیا۔ منہاج خان، جوائنٹ سیکریٹری نے شعبہ کے جانب سے مہمان اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام میں شعبہ اور دیگر شعبہ جات کے اساتذہ بھی موجود تھے اور انھوں نے موضوع کے تعلق سے اظہار خیال بھی کیا۔